© rasailojaraid.com



تحریکِ تجدید اسماء الصحابہ والصحابیات

ادارہ

# بچوں اور بچیوں کے نام

**نام** انسان کی پہچان ہوتا ہے۔ انسان کی طبیعت، مزاج اور شخصیت سازی میں بھی اہم کردار ادا کرتا ہے۔ خاتم النبیین سیدنا محمد ﷺ نے اچھے نام رکھنے کی تلقین فرمائی اور برے معنوں والے ناموں کو اچھے معنوں والے ناموں میں بدل دیا۔ ہمارے معاشرے میں مغرب سے مرعوبیت، احساس کمتری اور جہالت کی وجہ سے بے معنی ولایعنی اور واہی تباہی قسم کے نام رکھے جاتے ہیں۔ جس کے نتیجے میں نئی نسل اپنے اسلاف کے تعارف' کردار اور تعلیمات سے کٹ کر رہ گئی ہے۔ ماضی قریب کے عظیم مفکر، جانشینِ امیر شریعت حضرت مولانا سید ابوذر بخاری رحمہ اللہ نے چالیس برس پہلے ''تحریک تجدید اسماء صحابہ رضی اللہ عنہم'' شروع کی تھی۔ جس کے نتیجے میں ہزاروں بچوں اور بچیوں کے نام صحابہ وصحابیات کے مبارک ناموں سے منسوب ہوئے۔ اس تحریک کا واحد مقصد مسلمانوں میں صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے محبت اور دین سے رغبت پیدا کرنا تھا۔ الحمدللہ! اب یہ تعداد لاکھوں میں ہے۔ قارئین کے شدید اصرار پر ذیل میں صحابہ وصحابیات رضی اللہ عنہم کے اسماء اور معنی ابجد کی ترتیب سے شائع کئے جا رہے ہیں۔ ان شاءاللہ وقتاً فوقتاً مزید نام بھی شائع ہوتے رہیں گے۔ (ادارہ)

صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے نام......(الف)

| نام | معنیٰ | نام | معنیٰ |
|---|---|---|---|
| اَحمد | بہت تعریف کیا ہوا (خاتم النبیین ﷺ کا اسمِ مبارک) | اَقمر | زیادہ روشن |
| اَنَس | مُحِب، غم خوار | اَجْمد | ٹھہرا ہوا |
| اَنیس | دوست، مَحبت رکھنے والا | اَزْبَدْ | ابر آلود، اقامت |
| اُسامہ | شیر، بلند | اُصَیْرِم | فقیر، درویش |
| اَیْمن | بے خوف، مبارک، بابرکت | اَسْمر | کہانی گو |
| اَبان | واضح، ظاہر | اَشْعَث | بکھرا ہوا |
| اَبُوذَرّ | پھیلانا، وسیع کرنا، بکھیرنا | اَسِیم | بلند |
| اَسْعَد | خوش بخت، سعادت مند | اَیَاس | بزرگ |
| اَرْقم | لکھاری، تحریر کنندہ | اَزْہَر | روشن |
| اُوَیس | پوشیدہ، شب زندہ دار | اَقْرَع | بہادر، کھٹکھٹانے والا |

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



| | | | |
|---|---|---|---|
| اُسید | چھوٹا شیر | اَحْوَصْ | محتاط، رفو گر |
| اَنیف | منفرد | اَبْیَضْ | سفید (جن صحابی رضی اللہ عنہ) |
| اَطہر | سچا، پاکباز | اَصْخَمَہ | سرسبز، خوبصورت |

(ب)

| | | | |
|---|---|---|---|
| بُلبل | احسان، خوبصورتی، تندرستی | بُدَیْل | بدلہ، معاوضہ دینے والا |
| بَدر | چودھویں کا چاند، حسین جوان | بُرنا | جوان |
| بُرَیر | نیک، نیکی کرنے والا (حضرت ابوذر غفاری کا اصل نام) | بُسطام | کشادہ، وسیع |
| بلال | پانی کی نمی، تروتازہ (مؤذنِ رسول ﷺ) | بُجَیر | صحت مند، توانا |
| بُرَیْد | حق ثابت کرنے والا، شریف، پیغامبر | بشیر | خوشخبری دینے والا |

صحابیات کرام رضی اللہ عنہن کے نام......(الف)

| | | | |
|---|---|---|---|
| آمنہ | ایمان والی، امن وسکون والی (نبی خاتم ﷺ کی والدہ ماجدہ) | اَسماء | بلند |
| اُمیمہ | ہدایت دینے والی، رہبر، نیت وارادہ | اُمامہ | نیک سیرت، رہنما |
| اُکیمہ | اونچی، بلند | اَرْوٰی | ماہر، صحت مند |
| اَنیسہ | محبت کرنے والی | اُثَیلہ | اعلیٰ خاندان والی |
| اَنجشہ | تلاش کرنا، حاصل کرنا | اَزْمَہ | جفاکش، بحران |
| آسِیہ | پختہ ارادے والی، ملکہ، شہزادی | اُسَیْرہ | مضبوط زرہ، چھوٹے خاندان والی |

(ب)

| | | | |
|---|---|---|---|
| بَرِیرہ | نیک، نیکی کرنے والی | بَرِیعَہ | روشن، عقل وجمال میں فائق |
| بُدَیلہ | بدلہ، معاوضہ دینے والی | بُرَیدہ | حق ثابت کرنے والی، پیغام بر |
| بادِیَہ | صحرا | بُثَیْنَہ | خبر دینے والی، پھیلانے والی |
| بَرَّہ | فرماں بردار، مہربان | بُسْرہ | نئی، تازہ |
| بُسَیمہ | مسکرانے والی | بَسَّامَہ | بہت مسکرانے والی |

© rasailojaraid.com